کے لئے نماز کے واسطے ڈیڑھ گھنٹہ دیا جاتا ہے ۔ سیکولر اسٹیٹ میں جب آپ کسی خاص فرقے کو اس طرح کا ٹائم دیتے ہیں تو دوسرے فرقوں کے لئے بھجن اور پوجا پاٹ کے لئے بھی وقت دینے کا سوال پیدا ہو جاتا ہے ۔ آپ ملازمین میں امتیاز کر رہے ہیں۔ عموماً لوگ گیارہ گیارہ بجے آتے ہیں ۔ ایک گھنٹہ بھی کام کرنے نہیں پاتے کہ نماز کا وقت ہو جاتا ہے ۔ نماز سے دو بجے واپس آتے ہیں پھر ایک آدھ گھنٹہ کام کرتے ہیں اور چار ساڑھے چار بجے واپس چلے جاتے ہیں ۔ آپ نے روزانہ ان لوگوں کا سیکلوں کا پروسیشن چار بجے کے وقت اسمبلی کے سامنے سے گزرتے ہوئے دیکھا ہوگا ۔ میں یہ کہدینا چاہتا ہوں کہ کہیں بھی کام برابر نہیں ہوتا ۔ یہ لوگ بیس فیصد کام بھی روزانہ نہیں کرتے ۔ میں یہ دعوی کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ مواضعات کے دفاتر میں تو لوگ ٹیبلوں پر پاؤں ڈال کر سوتے رہتے ہیں ۔ اس کے متعلق تحصیلدار صاحب اور دیگر عہدہ داروں کو جب لکھتے ہیں تو کوئی توجہ نہیں دیجاتی ۔ وہ لوگ پاؤں پسار کے سوتے رہتے ہیں ۔ چائے آتی رہتی ہے پیتے رہتے ہیں ۔ کچھ چائے فائلوں پر گر جاتی ہے ۔ اوس کو چیونٹیاں یا دیمک لگی جاتی ہے اور فائل غائب ہوجاتی ہے ۔ حال ہی میں آنریبل منسٹر فار اگریکلچر نے کسی سلسلہ میں کہا کہ فائل نہیں مل رہی ہے ۔ ہماری میونسپالٹی کا ذکر کرتا ہوں کہ وہاں فائل دیکھنے کی ضرورت تھی جب تحصیلدار صاحب سے کہا گیا تو انہوں نے جواب دیا کہ فائل نہیں مل رہی ہے ۔ ضلع کے دفاتر کی یہی حالت ہے ۔ انسپکٹر آف آفس کو اسکے متعلق اچھی طرح کام پر لگانا چاہئے اور اون کے کام میں وسعت پیدا کرنا چاہئے ۔ ورنہ جو سسٹم پہلے سے چلتا رہا وہی اب بھی چلتا رہیگا ۔ سرکاری ملازمین میں کام کرنے کا جو رجحان ہے اوسکی طرف میں جنرل اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کی توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں ۔

چیف سکرٹریٹ کے آفس میں چیف سکرٹری کے طور پر جو صاحب کام کرتے ہیں وہ باہر کے آدمی ہیں ۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ اس طرح باہر کے آدمی کو اب تک وہاں کیوں رکھا گیا ۔ اس میں کیوں تبدیلی نہیں ہوتی ۔ جسطرح جوڈیشیل ڈپارٹمنٹس کے ہیڈ باہر کے ہیں چیف سکرٹری بھی باہر کے ہیں ۔ اسی طریقہ سے بعض بڑے بڑے سررشتوں پر باہر کے ہیڈس آئے ہیں ۔ اس کا صاف مطلب یہ نکلتا ہے کہ حکومت ہمارے اڈمنسٹریشن کو ہیڈلس (Headless) بنانا چاہتی ہے ۔ میں یہ کہدینا چاہتا ہوں کہ یہاں پر بھی ویسی ہی قابلیت رکھنے والے لوگ مل سکتے ہیں جو کم تنخواہ پر اچھی طرح سے کام کرسکتے ہیں ۔ اسکے باوجود باہر کے آدمیوں کو برقرار رکھا گیا ہے ۔ اس اصول کو چیف منسٹر صاحب نے بھی اسمبلی میں کئی مرتبہ مان لیا ہے ۔ لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑرہا ہے کہ وہ اصول پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ رہا ہے ۔ حال ہی میں کلکٹروں کی ایک کانفرنس بلائی گئی تھی اوس میں تمام ضلعوں کی انتظامی سہولتوں کے متعلق غور کیا گیا ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جو اڈمنسٹریٹیو

هیڈس ہوتے ہیں وہ ایسی باتوں کو اس کان سے سنتے ہیں اور اوس کان سے اڑا دیتے ہیں - کلکٹروں کے پاس برابر رپر یزنٹیشن ہوتا ہے لیکن اوس کا جواب نہیں ملتا - اس کے قبل جب ریپریزنٹیشن ہوتا تھا اور کسی قسم کی درخواست پیش کی جاتی تھی تو کم از کم اوسکی رسید دیجاتی تھی - رسید دینے کے لئے ہی پرنٹیڈ (Printed) رسید گورنمنٹ کی طرف سے مہیا کی گئی ہے لیکن آجکل وہ بھی نکالدیگئی ہے - کم از کم تعلقہ کے چھوٹے سوٹے لوگوں کی آواز حکومت تک نہیں پہنچتی ہے تو ایک لاکھ عوام کی طرف سے نمائندہ بنکر جو لوگ آئے ہیں اور یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ایسے لوگوں کی درخواستوں کا جواب تو ملے کہ فلاں تاریخ کو درخواست پہنچی ہے - اگر یہ بھی نہ معلوم ہوسکے تو ہم اس ہاؤز سے کیا امید رکھ سکتے ہیں .. مجھے کبھی کبھی اس پر رونا بھی آتا ہے - میں نہیں کہہ سکتا کہ ان چھوٹی چھوٹی باتوں کی طرف کب دھیان دیا جائیگا - کم سے کم یہ انتظام جی - اے - ڈی کی طرف سے کیا جائے کہ درخواستوں کی رسید دیجائے تو درخواست دینے والے کو تسلی ہوگی کہ آج نہیں تو پانچ سال کے ختم تک اوسکی درخواست پر کوئی نہ کوئی کارروائی ہوگی - عوام کو آس ہو جائیگی - ایک سوال کے جواب میں آنریبل چیف منسٹر نے کہا کہ

"To reply to all the applications will be mere waste of paper."

اس طرح ویسٹ آف پیپر (Waste of paper) ہوگا یہ خیال ظاہر کیا گیا - عوام جب اپنی تکالیف کو دور کرنے کے لئے درخواست دیتے ہیں تو اسکے ریپلائی (Reply) کے لئے ایک پیپر ویسٹ (Paper waste) ہو جاتا ہے تو میری سمجھ میں نہیں آیا کہ یہ ویسٹیج (Wastage) اور لیکیج (Leakage) کونسے ڈپارٹمنٹ میں نہیں ہے - حقیقت میں جہاں ویسٹیج اور لیکیج ہے اسکا انسداد تو نہیں کیا جاتا - جہاں کرپشن (Corruption) ہے اسکا انسداد نہیں کیا جاتا لیکن عوام کی تسلی کے لئے ایک درخواست کی رسید دیدیجائے تو اوس سے ویسٹ آف پیپر ہوتا ہے - اگر بیس ہزار رسائد خرچ ہو جائینگے تو اس سے ایسا کونسا بھاری نقصان ہو جائیگا - اڈمنسٹریشن کی ایفیشنسی کو بڑھائیں تو لوگوں کو تسلی ہوتی ہے - درخواستوں کی رسید وصول ہو جائے تو عوام کو تسلی ہوتی ہے کہ ہماری درخواست پہنچ گئی ہے اسپر غور کیا جائیگا - اسطرح لوگوں کا بھروسہ اور اعتماد حاصل کیا جاسکتا ہے - اس قسم کی تسلی دینا ضروری ہے - میں ایک چھوٹی سی چیز مانگ رہا ہوں کوئی بڑا پراجکٹ نہیں مانگ رہا ہوں - کوئی ریوبلیوشنری چینج (Revolutionary change) نہیں چلا رہا ہوں - میری چھوٹی سی مانگ کو بھی حکومت پورا نہیں کررہی ہے - میں پھر مانگ کرونگا کہ حکومت کو اسپر توجہ کرنی چاہئے -

سرکاری ملازمین کا بے وقت تبادلہ بھی ایک بڑا مسئلہ بنکر ہوگیا ہے - کبھی تو تین سال سے زیادہ عرصہ تک ایک افسر کو رکھا جاتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ

جلد جلد تبادلے کئے جاتے ھیں - اس میں شک نہیں کہ تبادلوں کے لئے اصول معین ہیں لیکن اگر - مگر - بشرطیکہ وغیرہ کی گنجائش ایسے لوپ ھولس (Loop-holes) پیدا کردیتی ہے کہ اسکا سہارا لیا جاتا ھے - کسی ملازم کا تبادلہ کل ھی ھوا ھے وہ آکر کام شروع کرتا ھے کہ دوسرے دن پھر اسکا تبادلہ کردیا جاتا ھے - تبادلے سوچ سمجھکر نہیں کئے جاتے ھیں - پہلے سے غور کرنا چاھئے کہ کس شخص کو کہاں رکھنا مناسب ہے - بجز اسکے کہ کسی ملازم کے خلاف سنگین الزام ھو بلا کسی وجہ کے کسی کا تبادلہ دس سال سے پہلے نہیں کرنا چاھئے - سنگین الزامات کی سزا آج کل یہ دیجارھی ہے کہ بس تبادلہ کردیا جاتا ھے - تبادلے سے یہ ھوتا ہے کہ ایک تعلقہ کا روگ دوسرے تعلقہ میں پھیل جائیگا - متبدلہ ملازم ہرجگہ اپنے چالوں کا بیج بوتا جائیگا - اس طرح متعدی مرض ھوجائیگا - اس لئے میں یہ کہونگا کہ اگر کسی ملازم سے غلطی ھوئی ہے تو اس کو کڑی سزا دیجانی چاھیئے - تبادلے سے اس کی غلطیوں کا انسداد نہیں ھوسکتا - تبادلہ کردینا مرض کا کوئی علاج نہیں ہے - حکومت کو چاھیئے کہ اس کے آوٹ لک (Out look) کو چینج کرے - جب کوئی ملازم ایک جگہ موزوں نہیں ھے تو وہ دوسری جگہ کیسے موزوں ھوسکتا ہے - اس طرح کا رجحان غلط ھے - ھرشخص یہ چاھتا ہے کہ وہ اپنی پسند کے مقام پر رھے - جہاں اپنے لئے سہولت سمجھتا ھے وھاں رھنا چاھتا ھے یا اپنے مقام سے قرب وجوار میں رھنا پسند کرتا ہے - تبادلوں کے لئے سکریٹریٹس - ریوینیو بورڈ وغیرہ ھر جگہ پیرویاں کی جاتی ھیں - ایسی پیروی کرنے والوں کو ختم کرنا چاھیئے - حکومت کو چاھیئے کہ وہ افیشینسی کے ساتھ کام کرے - اصول سے ھٹکر کام کیا جائے تو لوگوں کو پیروی کا موقع ملتا ھے - ھوتا یہ ھے کہ کسی ملازم کو ایک ھی جگہ پانچ دس سال گزر گئے ھیں - لیکن حکومت اس کو وھیں رکھنا چاھتی ہے - بعض ایسے کیسس ھیں کہ تین سال نہیں ھوئے ھیں لیکن تبادلہ کردیا جاتا ھے - اس طرح اکثر لوگوں کے نام اسمبلی میں آئے ھیں - ھستک صاحب وغیرہ کا نام اسمبلی میں لیا گیا ہے۔

پروموشنس (Promotions) کی حدتک بھی یہی ھوتا ھے کہ جس کو مناسب سمجھیں اس کو دیا جاتا ھے - رینک (Rank) وغیرہ کا لحاظ نہیں کیا جاتا - اگر حکومت کی ایسی پالیسی رھے تو حکومت ڈھیلی ھوجائیگی - اس طرح کی غیر مناسب مثالیں عوام کے سامنے قائم نہیں کرنا چاھیئے - حکومت کی نگرانی اچھی ھونی چاھیئے - میں نے جی - ایے - ڈی پر جو تبصرہ کیا ھے اس کو ملحوظ رکھکر حالات کو ٹھیک کرنے کی کوشش کرنی چاھیئے - مجھے امید ہے کہ اس تبصرے کے مدنظر حالات کو بہتربنانے کی کوشش کی جائیگی -

شری کشٹہ رام ریڈی - مسٹر اسپیکر سر - میں نے ایک چھوٹا سا کٹ موشن پیش کیا ھے - اس سلسلہ میں میں دو بجٹ سشنوں کے دوران میں یہ عرض کرتا آیا ھوں کہ مانارکی (Monarchy) یا شخصی حکومت کے بعد جب عوامی حکومت آئی ھے تو گورنمنٹ کو چاھئے کہ افیشنسی کو مینٹین (Maintain)

کرے ۔ اور اس کو اڈجسٹ کرنے میں حکومت کا کوئی ایک نظریہ ہونا چاہئے ۔ میں کہونگا کہ وہ نظریہ حکومت کے ذہن میں ابتک پیدا نہیں ہوا ہے ۔ وہی نظام شاہی دربار ہے ۔ اوس کا وہی بجٹ ہے ۔ بجٹ کے وہی مدات ہیں ۔ وہی اخراجات ہیں ۔ حکومت کا خرچ زیادہ ہوتا جا رہا ہے جسکی وجہ سے اسکا اظہار کیا گیا ہے کہ ٹکسس کا اضافہ ہوگا ۔ راج پرمکھ کے اڈریس میں اور بجٹ اسپیچ میں منسٹر صاحب نے اس جانب اشارہ کیا ہے کہ ٹکسس میں اضافہ ہوگا ۔ یہ سوچنا چاہئے تھا کہ عوامی حکومت کے دور میں کسطرح اخراجات کو اڈجسٹ کر کے عوام کو فائدہ پہنچایا جاسکتا ہے ۔ کسطرح عوام کے مفاد کو آگے بڑھایا جاسکتا ہے ۔ یہ نظریہ ابتک مجھے حکومت میں نظر نہیں آرہا ہے ۔ کم از کم اتنی تو پابندی کی جاتی کہ پابند موازنہ رہتے ۔ جو موازنہ منظور ہوا ہے اوسی حد تک خرچ کیا جاتا ۔ لیکن ایسا نہیں کیا جاتا بلکہ سپلیمنٹری گرانٹس منظور کرائے جاتے ہیں ۔ وہ ایسے مدات بھی نہیں ہیں کہ اون سے کوئی غیر معمولی کام عوام کی بہبودی کے لئے کئے گئے ہیں ۔ ان حالات کو دیکھتے ہوئے میں یہ کہونگا کہ گورنمنٹ کی جو ذمہ دار مشنری ہے وہ سلف افیشینسی (Self-efficiency) سے کام نہیں کر رہی ہے ۔ بلکہ ماتحتین کے اشاروں پر چلتی ہے ۔ یہ میرا چارج (Charge) ہے حکومت پر ۔ ان باتوں پر توجہ کی جائے ۔ کارروائیوں کی گہرائیوں میں جائیں اور غور کریں کہ کس مد میں کتنی بچت ہوسکتی ہے تو یقیناً اخراجات میں کمی کا امکان ہے لیکن ایسا نہیں ہوتا بلکہ سکریٹری بجٹ پیش کرتے ہیں وہی لا کر یہاں اسمبلی میں پیش کردیا جاتا ہے ۔ چلو منظوری حاصل ہو جاتی ہے ۔ میں کہونگا کہ کم از کم سنجیدگی سے آئندہ سال کے بجٹ کے بارے میں سوچا جائے کہ اخراجات میں کیسے کمی ہوسکتی ہے ، بغیر ترقیاتی منصوبوں کو گھٹانے کے موازنے کو کسطرح ٹھیک کرسکتے ہیں ۔ ہر سال ہماری حکومت سنٹر کی امداد لیتی ہے اور سنٹر کی امداد پر چل رہی ہے ۔ لیکن امداد کا بھروسہ کب تک ۔ ہمیں سلف سفیشنٹ (Self-sufficient) ہونا چاہئے ۔ حیدرآباد کے کاشتکاروں کا جو چھوٹا طبقہ ہے انکا کیا حال ہے ؟ ہم ذرا دلچسپی لیں اور انکی تکالیف کو دور کرنے کے لئے رقم پرووائڈ کریں تو ہوسکتا ہے ۔ مگر اس طرف توجہ کم ہورہی ہے ۔ لاکھوں کروڑوں روپیہ صرف ہو رہا ہے لیکن جیسا کہ فائدہ ہونا چاہئے نہیں ہورہا ہے ۔ میں نے گذشتہ بجٹ سشن میں انگلینڈ کی بلڈنگ کے متعلق کہا تھا اور اسمبلی کے ممبروں نے بھی توجہ دلائی تھی کہ اس بلڈنگ سے کیا آمدنی ہو رہی ہے اور اسکے بالمقابل خرچ کیا ہورہا ہے ۔ ہم نے توجہ دلائی تھی کہ اس بلڈنگ کو فروخت کردیا جائے کیونکہ ہم کو رقومات کی ضرورت ہے ۔ نیشنل بلڈنگ ورکس کے لئے رقومات کی ضرورت ہے ۔ پیسہ کی کمی کی وجہ سے ہم کسی پلان کو عمل میں نہیں لاسکتے ۔ یہ بلڈنگ اوس زمانے کی یادگار ہے جبکہ حضور نظام کے عزیز و اقارب وہاں جا کر ٹھیرتے تھے ۔ اب اسکو فروخت کیا جاسکتا ہے ۔ اسکو فروخت کیا جائے تو سالانہ

نگہداشت کے اخراجات بھی بچ جائینگے۔ان اخراجات کے لئے بجٹ میں نہ کوئی پراویژن رہیگا اور نہ سپلیمنٹری ڈیمانڈ لانے کی ضرورت ہوگی ۔ اس لئے میں آنریبل چیف منسٹر سے عرض کرونگا کہ ایسے اخراجات کم کرنے کی کوشش کی جانی چاہئے ۔ سنہ ۱۹۵۵-۵۶ء کے بجٹ میں ایسے مدات نہ رکھے جائیں ۔ یہ درخواست کرتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मिस्टर स्पीकर सर, मैंने अेक छोटा सा कटमोशन पब्लिक सर्विस कमिशन के बारे में हाअुस के सामने रखा है। मै अपने मोशन को प्रेस (Press) करने-वाला नही हूं। सिर्फ अेक वाकया हाअुस के सामने रखना चाहता हूं। मैंने सुना है कि तीन सुपरिंटेंडिंग अिन्जीनिअर्स की जगहों के बारे में अेक मसला पब्लिक सर्विस कमिशन और हुकूमत के सामने काफी अर्से से जेरेबहस है। सुना गया है कि पब्लिक सर्विस कमिशन की राय किन को सुपरिंटेंडिंग अिन्जीनिअर्स कायम करना चाहिये अिस सिलसिले में ली गअी तो अुन्होंने अुनका पिछला रेकार्ड मंगवाकर अपनी राय हुकूमत के सामने पेश की। हुकूमत ने जो सिफारिशात की थी वह अलग थीं और पब्लिक सर्विस कमिशन की तरफ से जो सिफारिशात आअी है वह अलग है। यह मसला अेक जमाने से जेरेगोर है। मै हुकूमत से मालूम करना चाहता हू कि जब अिस तरह के मतभेद हुकूमत और पब्लिक सर्विस कमिशन में होते है तो क्या अुसको तय करने के लिये बीच का कोअी रास्ता है या नहीं, या यह चीज अिसी तरह से जमाने तक जेरेबहस ही रहेगी ? मै पब्लिक सर्विस कमिशन से भी यही ख्वाहिश रखूंगा कि जो व्हेकन्सीज (Vacancies) फिल अप (Fill up) नहीं हुअी और जिनके बारे में हुकूमत भी अुनकी सिफारिशात को नहीं मान सकती अुनके बारे में पब्लिक सर्विस कमिशन फिर से अपने अुजरात पर गौर करे लेकिन अेक जमाने तक अैसे मसलों को अनिर्णित रखना ठीक नहीं है। या हुकूमत को चाहिये कि वह पब्लिक सर्विस कमिशन के सिफारिशात को क्यों नहीं मानती अिसको साफ तौर से हाअुस के सामने रख दें या अपने वजूहात पब्लिक सर्विस कमिशन के सामने पेश कर दें। मुझे जो कुछ मालूम हुआ है अुस पर से मै यकीनी तौर पर कोअी राय देना मुनासिब नहीं समझता लेकिन यह जरूर महसूस करता हू कि अिन मसलों का फैसला करने में डीले (Delay) किया जा रहा है। कहा जाता है कि जिन अिन्जीनिअर्स के बारे में पब्लिक सर्विस कमिशन ने अपनी राय ताअीद में दी है अुनके रेकार्डस् अच्छे है और हुकूमत की तरफ से जिनके बारे में सिफारिशात की गअी है अुनके रेकार्डस् कुछ अच्छे नहीं हैं। अगर यही मसला जेरे गौर है कि रेकार्डस् अच्छे हैं या नहीं तो मैं समझता हू कि अैसे जायदादों को फुलफिल (Fulfil) करते वक्त सिर्फ अुनका पिछला रेकार्ड अच्छा है या नहीं अिसी सवाल को लेकर पब्लिक सर्विस कमिशन किसी नतीजे पर नहीं पहुच सकती और न अुसको पहुचना चाहिये। चीफ मिनिस्टर साहब हाअुस के सामने यह बता सकते हैं कि अिन जायदादों के सिलसिले में अुन तमाम लोगों का जिनकी सिफारिशात हुकूमत की तरफ से की गअी थीं या जिनके बारे में पब्लिक सर्विस कमिशन से सिफारिशात आअी है अुनका अक रेग्यूलर अिंटरव्ह्यू (Regular interview) पब्लिक सर्विस कमिशन की तरफ से लिया गया है या नहीं और अिन जायदादों को फिलअप (Fill up) करने के लिहाज से अुन लोगों के क्वालिफिकेशन्स (Qualifications) तजरूबा अुनका टेकनिकल नालेज (Technical knowledge) अिनके

बारे में भी सोंचा गया है या नही या सिर्फपिछले रेकार्डस् को ही अहमियत देकर यहमामला तयकिया जा रहा है। क्योंकि अगर सिर्फ रेकार्ड का ही ख्याल किया जाय तो अैसे अिन्जीनिअर्स जो निजाम के जमाने में काम करते थे और मुमकिन है निजाम के पैलेस में ही वे काम करते हों तो अुनके बारे में रिपोर्टस बहुत अच्छे हों सकते है। अैसी हालत में सिर्फ पिछले रेकार्ड की बिना पर ही अगर पब्लिक सर्विस कमिशन किसी मसले को तय करती है तो वह मै मुनासिब नहीं समझता। चूंकि यह सवाल हमारे सामने अब आया है मै गवर्नमेंट की राय पर कोअी नुक्ताचीनी नहीं करना चाहता लेकिन यह चाहता हू कि मुनासिब तौर पर अिस मसले को हल किया जाय और अिसमें मतभेद पैदा हो गया है तो हुकूमत अपने राय के साथ सब चीजों को पब्लिक सर्विस कमिशन के पास भेज दे और पब्लिक सर्विस कमिशन के लिये भी यह जरूरी हो जाता है कि अुन तमाम लोगों का अिंटरव्ह्यू लेकर वह अिसको हल करे। अिसके बारे में हुकूमत और पब्लिक सर्विस कमिशन दोनों की जो पालिसी आज है अुससे जो डिससेटिसफेक्शन (Dissatisfaction) फैला हुआ है अुसके लिहाज से मैं समझता हू कि अगर मुनासिब समझा जाय तो अिस सवाल को हाअुस के सामने साफ तौर से रखा जाय ताकि अिस हाअुस की मदद से भी अिस सवाल को किस तरह से हल किया जा सकता है। अिसके बारे में आपको हाअुस की मदत मिल सकती ह। म अुम्मीद करता हू कि चीफ मिनिस्टर अिस पर काफी रोशनी डालेंगे।

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - مسٹر اسپیکر سر- میں نے اپنا کٹ موشن لینڈ سنسس کی بد عنوانیوں کی روك تھام کے لئیے حکومت کو توجه دلانے کی غرض سے پیش کیا ھے - اس سے قبل بھی اس سلسلے میں ایک تحریک التواء لائی گئی تھی - ضلع کریم نگر میں تعلقه جات سلطان آباد اور کریم نگر میں لینڈ سنسس ورك کیا جارھا ھے - وھاں یه کام ھر تعلقه کے بٹیل پٹواریوں کے سپرد کیا گیا ھے - انہیں ھدایتیں دی گئی ھیں که کاسرا فارم اس طرح فل اپ (Fill up) کئے جائیں لیکن ان لوگوں نے رشوت کا بازار لگا رکھا ھے- اور غلط اندرا جات سے کافی فسادات بھی پیدا کررھے ھیں- حالانکه کاسرا فارم میں یه صاف طور پر ھے که اگر زمین پر کوئی قابض ھے تو ایک خانه میں اس کا نام درج کیا جائے- اگر زمین کے لئے کوئی ڈسپیوٹ ھے تو دوسرے خانه میں اس کا نام درج کیا جائے- جہاں پرانے قبضے ھیں ان کے بارے میں اسی طرح عمل کیا جائے - لیکن ان خانوں کے اندراج کے لئے پٹیل پٹواری پرانے قابضین سے بھی وثیقه جات یا رجسٹری شده بانڈز طلب کررھے ھیں - اور اس میں کئی بدعنوانیاں پیدا کی جارھی ھیں - ھم نے یه حالات ضلع کے متعلقه عہده داران کے پاس بھی پیش کئے که عوام کو اس طرح تکلیف دی جارھی ھے- لیکن اس کام کے لئے جو اسپیشل تحصیلدار وغیره مقرر کئے گئے ھیں وه ھمیں یه جواب دیتے ھیں که اس ضمن میں کسی موضع سے کوئی شکایت نہیں آئی اس لئے شکایت میں کوئی اصلیت نہیں ھے - ھم نے ان کے سامنے ان موضع کے ھزاروں افراد کو لا کر پیش کردیا اور کلکٹر صاحب کے پاس وه سب لوگ پیش کئے گئے - اس طرح زنده ثبوت عہده داران کے سامنے پیش کیا گیا -واقعه یه ھے که ایک ایک موضع سے لینڈ سنسس کے بارے میں ھزاروں روپئے نا جائز وصول کئے جارھے ھیں- اگر کسی شکایت کی شنوائی ھوتی

بھی ہے تو زیادہ سے زیادہ پٹیل پٹواری کو معطل کیا جاتا ہے - لیکن تھوڑے ہی دنوں کے بعد وہ پھر بحال ہو جاتا ہے اس لئے کہ سب لوگ آپس میں ملے ہوئے ہوتے ہیں - ہر موضع کا یہی حال ہے - البتہ کسی جگہ یہ بد عنوانیاں کم ہیں اور کسی جگہ زیادہ ہیں - کریم نگر کے اطراف میں ایسے کئی مواضعات ہیں کنڈا پور - رکما پور - رودرارم - بوتکور - چوپاڈنڈی - کولم کنٹہ - ان مواضعات میں ہزاروں روپیہ کی رقمیں وصول کی گئی ہیں جن میں پٹیل پٹواریوں گرداور اور تحصیلدار سب کے حصے ہیں - یہ سب اس میں انوالو (Involve) ہیں - ہم عوام کو لاکر ادھیکاریوں کے سامنے پیش کرتے ہیں تو زیادہ سے زیادہ کسی پٹواری کو معطل کیا جاتا ہے - میں آنریبل چیف منسٹر کی توجہ اس جانب دلانا چاہتا ہوں کہ جب تک اس سلسلہ میں اسٹرانگ میژرس اختیار نہ کئے جائیں حالت ٹھیک نہیں ہوسکتی - کیونکہ وہ معطل پٹواری بعد میں بحال ہو ہی جاتا ہے - ایک سوال کے جواب میں چیف منسٹر صاحب یہ کہتے ہیں کہ اگر کسی کو اعتراض ہو تو ۱۰ دن کے اندر وہ درخواست دیکر تصحیح کرواسکتا ہے - لیکن میں پوچھتا ہوں کہ کیا ہر شخص دیہات سے یہاں آکر درخواست پیش کر کے تصحیح کرواسکتا ہے - کیا وہ اتنا لنتھی پروسیجر (Lengthy procedure) اڈاپٹ (Adopt) کرسکتا ہے - وہ تو یہی چاہتا ہے کہ چار پیسے خرچ ہوں تو ہوں لیکن کسی طرح اس کا کام وہیں دیہات ہی میں تکمیل پا جائے - دیہاتیوں کی یہ سائیکالوجی ہوتی ہے - اس بات کو سب ہی مانتے ہیں - میں کہونگا کہ آپ کے پاس - سی آئی - ڈی ہے - پولس ہے - آپ اس بدعنوانی کے انسداد کے لئے اس کو کیوں استعمال نہیں کرتے - پولس اور سی-آئی-ڈی کے ذریعہ ان ادھیکاریوں کو گرفتار کیجئے جو اس میں انوالو ہیں - اور انہیں سخت سے سخت سزا دیجائے - جب تک کہ اسٹرانگ میژرس ایسی بدعنوانیاں پھیلانے والوں کے خلاف استعمال نہ کئے جائیں حالات سدھر نہیں سکتے - محض (۱۰) دن کی مدت درخواست پیش کرنے کے لئے دیکر یہ سمجھنا کہ سب کام بالکل ٹھیک طور پر انجام پارہے ہیں یہ غلطی ہے - اس کی بجائے خاطیوں کے خلاف سخت اسٹپس لئے جانے چاہئیں -

* شری بی-ڈی- دیشمکھ - مسٹر اسپیکر سر - میں نے ڈیمانڈ نمبر (۳) سے متعلق جو کٹ موشن رکھا ہے اس کی غرض یہ ہے کہ ایک زمانے سے اس ہاؤس سے یہ مطالبہ کیا جا رہا تھا کہ حکومت جو بھی کمیشنس یا بورڈس بناتی ہے ان میں ملک کی مختلف سیاسی پارٹیوں اور اداروں کو انکی تعداد اور قوت کے لحاظ سے ریپریزنٹیشن ملنا ضروری ہے - اس اصول کے بارے میں سخت سے سخت تنقید ہوئی - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس نے کئی بار اسکا وعدہ بھی کیا کہ اس اصول کو ملحوظ رکھا جائیگا - لیکن افسوس ہے کہ عملی میدان میں لینڈ کمیشن ٹیننسی کمیشن یا دوسرے کمیشنس میں اپوزیشن پارٹیز یا دوسری پارٹیوں کو کوئی ریپریزنٹیشن نہیں ملا - لینڈ امپروومنٹ بورڈ کے بارے میں آنریبل منسٹر نے یہ وعدہ کیا تھا کہ یہ ٹیکنیکل کمیٹی ہے - اس کے لئے ماہرین فن چاہے وہ ہاؤس کے باہر کے ہی کیوں نہوں مقرر کئے جاسکتے ہیں -

لیکن معلوم ہوا ہے کہ اس ہاؤس کی رولنگ پارٹی ہی میں سے چند لوگوں کو نامزد کیا جارہا ہے - حال ہی میں لینڈ کمیشن کی جو تشکیل ہوئی اسکی تمثیل میں ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں - یہ ہاؤس جو ایک اعلیٰ جمہوری ادارہ سمجھا جاتا ہے اور جسکو پورے ملک کی نمائندگی کا حق دیا گیا ہے محض بھیک کے طور پر لینڈ کمیشن میں اپوزیشن کو ایک سیٹ دینے کا اعلان کیا گیا ہے - لیکن ڈائرکٹ الکشن ہونے کی وجہ سے اپوزیشن کے دو ارکان منتخب ہوکر کمیشن میں آجاتے ہیں - اس کا صدمہ میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس کو ضرور ہوگا - اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آزادی رائے یا پروپورشنل ریپریزنٹیشن کا حق دیا جائے تو اس سے وہ لوگ منتخب ہوکر آجائینگے جنہیں آپ نہ چاہتے ہوں یہ خیال جمہوریت کی سراسر توہین ہے - لینڈ کمیشن کے سلسلہ میں جو نامنیشنس ہوئے ہیں اس بارے میں یہ کہا گیا تھا کہ باہر کے لوگ بھی ہوسکتے ہیں - ۷ میں سے رولنگ پارٹی کے ۳ ارکان تو منتخب کئے گئے - اور باہر کے ۴ ارکان کو موقع مل سکتا ہے - یہ دعویٰ کرنا کہ ہاؤس کے ارکان ہی زیادہ واقفیت رکھتے ہیں انہیں ہی لینا چاہئے یہ صحیح نہیں ہے - محض رولنگ پارٹی کو خوش کرنے کے لئے نامنیشن کا طریقہ ہر دو کے لئے نامناسب ہے اور یہ جذبہ جمہوریت کے منافی ہے - اس بارے میں ہاؤس کے ارکان نے مختلف اوقات میں اپنے خیالات ظاہر کئے - اور میں سمجھتا ہوں کہ امپرومنٹ بورڈ کے بارے میں جسکا ابھی اعلان نہیں ہوا ہے لیڈر آف دی ہاؤز مسئلہ کو مناسب طور پر حل کرینگے اور آئندہ جو الکشنس اسمبلی کے ہونے والے ہیں اس میں ڈائرکٹ الکشن کا جو طریقہ ہے اسکے بجائے پروپورشنل ریپریزنٹیشن کا طریقہ اختیار کیا جائیگا - ان چند چیزوں کے سلسلہ میں میں نے یہ کٹ موشن دیا تھا اور میں سمجھتا ہوں کہ لیڈر آف دی ہاؤز اس بارے میں ہاؤز کو مطمئن کرنے کی کوشش کرینگے -

شری بی - رام کشن راؤ - سر - جو کٹ موشنس اب پیش ہوئے ہیں ان میں سے ہر ایک کے بارے میں میں چند الفاظ کہنا چاہتا ہوں - سب سے پہلا کٹ موشن آنریبل ممبر فار منتھنی کا ہے جنہوں نے جی - اے - ڈی (G.A.D.) کی ورکنگ (Working) پر بہت کچھ تنقید کی ہے - پہلے تو انہوں نے یہ فرمایا کہ جو سپلیمنٹری گرانٹس (Supplementary grants) پیش کئے جارہے ہیں ان کو پہلے سے انٹیسپیٹ (Anticipate) کیا جا سکتا تھا، یہ اضافہ کوئی ناگہانی حادثات کی وجہ سے نہیں ہوا، یہ سب چیزیں پہلے سے نہ سوچنے اور سوچنے کی نااہلیت کی وجہ سے پیش ہورہی ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبر نے ان سب مدات کو پڑھنے کی تکلیف گوارا نہیں فرمائی ورنہ ان کو معلوم ہوجاتا کہ یہ ناگہانی کی تعریف میں آسکتے ہیں - غیر ضروری اخراجات نہیں کئے گئے اور اخراجات میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا بلکہ ایسے مدات کے لئے سپلیمنٹری گرانٹس مانگے جارہے ہیں جو بعد کے واقعات کی وجہ سے نہ گزیر ہوگئے - آنریبل ممبر کو ایک اور بھی مغالطہ ہوا ہے - انہوں نے غالباً یہ سمجھا کہ ...

بہت سے آفس کے لئے کرایہ پر مکانات لئے ہیں اور اس کے لئے یہ مطالبات کئے جا رہے ہیں۔ چنانچہ میں ان کے الفاظ سے یہی سمجھتا ہوں کہ انہوں نے ان الفاظ کو نہیں پڑھا یا پڑھنے کے بعد سمجھے نہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ اس گنجائش میں بہت بڑے اضافہ کی ضرورت اسلئے پیش آئی کہ گورنمنٹ نے اپنے پچھلے حکم کی رو سے اس میں بہت کمی کی تھی۔ اس کے بعد نان گزٹیڈ ملازمین نے بہت بڑا احتجاج کیا اور اس احتجاج کی تائید اس ایوان کے بعض معزز اراکین نے بھی کی کہ ایکدم هاؤز رنٹ الونس(House Rent Allowance) کم کردیا گیا ہے؛ گورنمنٹ کو اس پر نظر ثانی کرنی چاہیئے۔ چنانچہ بہت سے لوگوں کے کرایہ مکان میں جو کمی کی گئی تھی یا کرایہ مکان بندھوا تھا ان کو دینے کا بعد میں تصفیہ ہوا اس تصفیہ کی وجہ سے یہ مدات یہاں پر پیش ہوئے ہیں جو هاؤز رنٹ کے لئے ہیں۔

شری جی۔ سری راملو - الونس نہیں لکھا گیا۔

شری بی۔ رام کشن راؤ- ہے۔ صاف ہے۔ رسٹوریشن آف هاؤز رنٹ الونس ٹو اسٹاف (Restoration of house rent allowance to staff) اس کے معنی یہی ہیں۔ اگر آنریبل ممبر کو شبہ ہوتا تو وہ یہ پوچھ لیتے کہ اس کے کیا معنی ہوتے ہیں۔ جب وہ کٹ موشن پیش کررہے ہیں تو یہ پوچھ لیتے کہ هاؤز رنٹ الونس کے کیا معنی ہوتے ہیں۔ ہر ڈپارٹمنٹ میں فینانس ڈپارٹمنٹ۔ ہوم ڈپارٹمنٹ کامرس اینڈ انڈسٹریز ڈپارٹمنٹ اور لیگل ڈپارٹمنٹ میں جن ملازمین کا هاؤز رنٹ الونس بند کیا گیا تھا ان کو پھر دینا پڑا۔ میں اس کی صراحت کردینا چاہتا ہوں۔

دوسری چیز یہ ہے کہ اسی آنریبل ممبر نے کفایت شعاری کے بارے میں تلقین فرمائی ہے اور یہ کہا ہے کہ کفایت شعاری کی ضرورت ہے۔ ڈپٹی منسٹرس کی طرف اشارہ کیا گیا اور کہا گیا ہے کہ گھر کے سنبھالنے میں ہی تکلیف ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ جب تک خود اپنا گھر نہ سنبھالیں کوئی بات نہیں ہوسکتی۔ حکومت کو بھی اپنا گھر پہلے سنبھالنا پڑتا ہے لیکن ڈپٹی منسٹرس کے تعلق سے جو کہا گیا اس کا کفایت شعاری سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ آنریبل منسٹرس کے لئے جو رقم گذشتہ سال منظور ہوئی تھی اس میں کچھ گھٹاؤ ہوا تھا تو اس سال یہ رقم بڑھائی گئی ہے۔ ۱۳ منسٹرس کے لئے جو اخراجات آپ نے منظور کئے تھے اس میں سے ۸ ڈپٹی منسٹرس کے اخراجات کو منہا کیا جائے تو کچھ بچت بچ سرکار ہوتی ہے۔ کفایت شعاری کی حدتک اتناہی جواب دینا کافی ہے۔ دوسری اور چیزوں کے تعلق سے بھی کفایت شعاری کا خیال رکھا گیا ہے اور جو زائد عہدے بتلائے گئے ہیں اور جنہیں ہم نے بھی محسوس کیا ؛ ان کی تخفیف کی گئی ہے۔ میں مثالیں بتلاسکتا ہوں۔۔ آرکیٹکٹ آفس ہے اور ایک دو اور جگہیں ہیں۔ وہاں بڑی جگہ بھی کم کی گئی ہے اور چھوٹی جگہ بھی کم کی گئی ہے۔

انسپکٹر آف آفس (Inspector of offices) کے سلسلہ میں جو تنقید کی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبر کو انسپکٹر آف آفسس کے فنکشنس کیا ہیں

انکا علم نه هونےکی وجه سےکی گئی ہے۔ اس کی غرض یه دیکھنا نہیں ہے کہ لوگ دفتر کو وقت پر آتے ہیں یا نہیں۔ چائے پیتے ہیں۔ ٹیبل پر پیر ڈالتے ہیں یا سوجاتے ہیں، بلکه انسپکشن (Inspection) اس غرض سے کرتے ہیں که جو اسٹاف ہے وہ کافی ہے یا ناکافی ہے۔ زائد لوگ تو کام نہیں کررہے ہیں۔ اس میں کس قدر تخفیف کی گنجائش ہے ۔ کسی خاص دفتر کے طریقه کار میں کیا نقص ہے۔ طریقه کار میں تبدیلی کرنے کی وجه سے ایفیشنسی (Efficiency) میں زیادتی ہوسکتی ہے یا نہیں ۔ اس قسم کا معائنه کرکے جی۔ اے۔ ڈی کو رپورٹ کرتے ہیں۔ آیا بزنس (Business) کے طریقوں میں تبدیلی کریں یا لوگوں میں کمی کریں ۔ اس قسم کے کام کے لئے انسپکٹر آف آفسس مقرر ہے۔ جب اس ہاؤز میں انسپکٹر آف آفسس سے متعلق سوالات کئے گئے تھے تو پچھلی مرتبه میں نے بیان کیا تھا که ایفیشنسی میں کتنی ترقی ہوسکتی ہے۔ کئی مرتبه ان کے سجیشنس (Suggestions) پر ہم نے عمله کی تقسیم کی ہے اگر کسی صیغه میں زیادہ کام ہو تو وہاں لوگوں میں اضافه کرنے یا مقررہ لوگوں ہی کو ری آرگنائز کرنے سے ہم کو بڑی مدد ملی ہے اور انسپکٹر آف آفسس کے عہدے کو قائم رکھنے کی ضرورت گورنمنٹ بڑی شدت سے محسوس کرتی ہے اس لئے اس کو قائم رکھا گیا ہے۔ اور اس پر جو رقم خرچ کی جاتی ہے وہ رائیگاں نہیں جائیگی ۔ میں اس کا یقین دلانا چاہتا ہوں ۔

اب جمعه کی نماز کے لئے وقت ملتا ہے ۔ یه چزیں ایسی ہیں که کچھ حیدرآباد کی روایات میں داخل ہیں ۔ بعض لوگ انکو اچھی روایات سمجھتے ہیں اور بعض لوگ انکو بری روایات سمجھتے ہیں ۔ اس میں اختلاف رائے بھی ہوسکتا ہے ۔ لیکن بات یه ہے که جہاں تک میرا تجربه ہے پچھلے زمانه کے مقابله میں اب کم ہے ۔ اس میں شک نہیں که ڈیڑھ یا دو گھنٹے تک نماز کے لئے لیتے ہیں لیکن یه کوئی کلیه نہیں ہے که جمعه کے روز ہمارے عہدہ دار یا انکے ماتحتین دو بجے آتے ہیں ۔ کہیں کسی جگه ایسا تجربه آنریبل ممبر کو ہوا ہو تو اسکو مستثنیات میں سے سمجھنا چاہئے ۔ میں یقین کے ساتھ کہه سکتا ہوں که وقت کی پابندی جہاں تک ممکن ہے کی جاتی ہے ۔ یه حکم دیا گیا ہے که آدھا گھنٹه دیر سے آئیں تو دیر حاضری کا عمل کیا جائے ۔ میں نے سکریٹریٹس (Secretariats) میں اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے که دیر حاضری کا عمل ہوتا ہے ۔ تو یه چیز روز بروز روبه تنزل ہے اور مجھے امید ہے که کچھ عرصے کے بعد جب زیادہ سختی برتی جائیگی ، جیسی که آنریبل ممبر چاہتے ہیں تو وہ بھی دور ہوجائیگی ۔

چیف سکریٹری کے بارے میں آنریبل ممبر نے اعتراض کیا که باہر کے آدمی ہیں ۔ بالکل صحیح ہے ۔ یه سوچ سمجھکر لائے گئے ہیں ۔ ایک طرف تو لوگوں میں تساہل ۔ جمعه کی نماز کا پڑھنا یا وقت کا چرانا ۔ ایک ہی زبان سے کہا گیا اور دوسری طرف کلکٹرس کانفرنس کا اشارہ دیکر بھی کہا گیا ۔ کلکٹرس کانفرنس بلانے کی ابتدا

سی اچھی باتیں انکو بتلائی گئیں - لیکن ہمارے یہاں کے لوکل عہدہ داروں کی نسبت تو انکی یہ رائے ہے کہ ایک کان سے سنکر دوسرے کان سے نکالدیتے ہیں - دن میں تین چار مرتبہ چائے پیتے ہیں - ٹیبل پر پیر ڈالکر لیٹتے ہیں اور دوسری طرف ایک ایفیشنٹ (Efficient) آدمی کو جو سخت آدمی ہے اور جو کڑا ڈسپلن (Discipline) رکھتا ہے - اسکے ڈسپلن کی وجہ سے وہ مقبول نہیں ہے اور اسکی نسبت ذرا برے خیالات ہیں تو اس اکیلے آدمی کو نکالنے کی بھی تلقین کی جاتی ہے - تو یہ ایک آدمی ، کیونکہ باہر سے آیا ہے اسلئے باہر کی اور اندر کی بحث کی جاسکتی ہے - لیکن ہم نے یہ اصول رکھا ہے کہ جو مقامی عہدہ دار مل سکتے ہیں انکو لیا جائے - میں اس کلیہ سے بھی متفق نہیں ہوں کہ ہمارے مقامی عہدہ دار ناکارہ ہیں - پابندی نہیں کرتے - تساہل کرتے ہیں - بہت سے اچھے لوگ بھی ہیں میں اسکو کلیہ کی شکل دیکر کہنا مناسب نہیں سمجھتا - اب رہی بات باہر کے آدمیوں کی تو وہ لائے ہی جائینگے - جب بدلے ہوئے حالات کے تحت مقامی آدمی ذمہ دار عہدوں کے لئے قابل یا موزوں نہیں سمجھے جاسکتے تو پھر باہر سے لینے پر کوئی امتناع نہ ہونا چاہئے - اور باہر سے مطلب یہ ہے کہ آئی - اے - ایس کے قیام کے بعد ہر جگہ سے عہدہ دار آسکتے ہیں - چنانچہ گورنمنٹ آف انڈیا اور دوسرے اسٹیٹس کی حکومتوں کا آج یہ رجحان ہے کہ جہاں تک ممکن ہوسکے ایک اسٹیٹ کے عہدہ دار دوسرے اسٹیٹس میں جاکر کام کریں - گورنمنٹ آف انڈیا نے ہم سے یہ کہا ہے کہ کچھ سنٹرل گورنمنٹ کے اور دوسرے اسٹیٹ گورنمنٹس کے جو آئی - اے - ایس عہدہ دار کام کرتے ہیں انکو یہاں لیں چنانچہ انٹیگریشن آف سرویس (Integration of services) کے اصول کے مدنظر یہ کیا گیا ہے یہ اصول ہے کہ یہاں کے لوگ باہر جائیں اور باہر کے یہاں آئیں - اسلئے کوئی اصولی اختلاف نہ ہونا چاہئے اور میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبر جنہوں نے تنقید کی وہ اس سے انکار نہیں کرسکتے کہ سرویسس کا ری آرگنائزیشن کرنے اور پہلے کی نسبت زیادہ ڈسپلن قائم رکھنے میں چیف سکریٹری نے حکومت کی بڑی مدد کی ہے - ایسی صورت میں مجھے اسپر تنقید کرنے کی کوئی گنجائش معلوم نہیں ہوتی -

تیسری چیز یہ ہے کہ اسی آنریبل ممبر نے یہ اعتراض کیا کہ درخواستیں دیجاتی ہیں اور ریپریزنٹیشن (Representation) کیا جاتا ہے تو انکے کوئی جوابات نہیں دئے جاتے - اگر ہاؤز ہر ایک منسٹر کے لئے دس دس ہزار روپیہ اسٹیشنری میں اضافہ کرتا ہے تو بشکل اکناالجمنٹ (Acknowledgement) جواب بھیجدیا جائیگا - اگر دس دس ہزار کی یہ اسٹیشنری دیتے ہیں تو میں اسکا بھی آپکو یقین دلاتا ہوں - ہر ایک منسٹر کے پاس روزانہ تقریباً ۱۰۰ درخواستیں آتی ہیں - ان انڈویجویل درخواستوں کا جواب دینا ناممکن ہے اور اگر دیا بھی جائے تو اتنی اسٹیشنری اور ٹکٹ صرف کرکے جواب دینے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا کیونکہ ان پر منسٹر کے کوئی قطعی احکام نہیں ہوتے بلکہ کلکٹر متعلقہ یا ہیڈ آف دی ڈپارٹمنٹ

کو " فارڈسپوزل "(For disposal) " فارانکوائری " (For inquiry) " فار رپورٹ " (For report) ایسے آرڈرس دئے جاتے ہیں -

اب اصل بات یہ کہی گئی کہ تبادلہ کیا جاتا ہے - کہا گیا کہ ایک جگہ پر ۱۰ سال تک عہدہداروں کو رکھا جاتا ہے اور دوسری جگہ دو تین دن میں تبادلہ ہو جاتا ہے - وہ چندو لعل کا زمانہ تھا جب تبادلہ نہ ہوتا تھا - البتہ جلد ہی تبادلہ ہونے کی بعض مثالیں میرے سامنے ہیں لیکن شاذ و نادر صورتوں میں ہی ایسا کیا جاتا ہے - یہ ضرور ہے کہ یہ بری عادت ہماری حکومت کے عہدہداروں میں ہی نہیں بلکہ ہر جگہ موجود ہے کہ اپنی ترقی اور تبادلہ کے لئے منسٹروں اور بالا دست عہدہداروں کے پاس اور بعض مرتبہ اس ھاؤز کے آنریبل ممبرس کے پاس ترقی اور تبادلہ کے لئے کوشش کرتے ہیں - میں نہیں کہتا کہ ہمیشہ آنریبل ممبرس کے پاس کوشش کرتے ہیں لیکن جہاں تک انکا تعلق ہے وہ لوگ ضرور اس امر کی کوشش کرتے ہیں کہ کسی آنریبل ممبر کے تھرو (Through) یا کسی اور شخص کے تھرو عہدہ داران بالا دست اور منسٹروں تک پہنچ جائیں اور اپنے تبادلوں کے سلسلہ میں کوشش کریں - یہ مرض ضرور ہے لیکن اس مرض کو حکومت کی جانب سے انکریج (Encourage) نہیں کیا جا رہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ھاؤز بھی اسے جانتا ہے - جہاں تک اسکا تعلق ہے عوام کا جنرل کنڈکٹ (General conduct) بڑھ جانے ؛ اسکا معیار بڑھ جانے سے ہی یہ چیز کم ہوسکتی ہے - تبادلہ کی حد تک ہم نے جو جنرل اصول قائم کئے ہیں وہ یہ ہیں کہ محض کسی کی شکایات پر تبادلہ نہیں کیا جاتا - جیسا کہ آنریبل ممبر فار منتھنی نے فرمایا محض کسی شکایت کی بناء پر کسی عہدہدار کا تبادلہ نہیں کیا جاسکتا - اور خود جیسا کہ انہوں نے یہ فرمایا اگر ایسا کیا گیا تو یہ مرض ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوگا - یہ صحیح اصول نہیں ہے - ممکن ہے کہ بعض آنریبل ممبرس کی شکایت پر بعض عہدہ داروں کے تبادلے نہ ہوئے ہوں - تجربہ تو یہ ہے کہ بعض وقت یہ شکایتیں بے اصول ہوا کرتی ہیں - اور محض ایسی شکایتوں کی بناء پر تبادلے کرنے سے اڈ منسٹریشن کا موریل (Morale) گرجاتا ہے اور نقصان ہوتا ہے - اس وجہ سے شکایتوں کی بناء پر تبادلہ نہیں ہوا کرتا - بعض وقت ایسا ہوتا ہے کہ کسی جگہ کسی کا تبادلہ کیا جاتا ہے تو وہ تبادلہ اگر وہاں کی کسی پارٹی یا لوگوں کے خلاف پڑتا ہے تو پھر اس کی بھی ان کی جانب سے شکایت ہوتی ہے - یہ چیزیں عام طور پر چل رہی ہیں - حکومت غور کررہی ہے کہ اس کو کس طرح گھٹایا جاسکتا ہے - ہم چند اصول قائم کرنا چاہتے ہیں لیکن ہر اصول میں مستثنیات ہوا کرتے ہیں - بعض وقت انتظامی ضروریات کے مد نظر ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جلد جلد تبادلے کرنے کی ضرورت ہوتی ہے - میں نے کلکٹرس کانفرنس میں اس کی ہدایت دی اور عام احکام جاری کئے ہیں کہ کسی مقام سے کسی شخص کا تبادلہ کیا جانے والا ہو تو کلکٹر سے ایستمزاج کیا جائے - اون کی رائے کے خلاف تبادلہ نہ کیا جائے - بعض تبادلے اون کی واقفیت

خلاف ہورہے ہیں تو اون کو شکایت رہتی ہے ۔ ان چیزوں کی روک تھام کی جارہی ہے اور اون کو دور کرنے کے بارے میں میں وشواس دلاسکتا ہوں ۔ اس کٹ موشن کے سلسلہ میں تو میرا یہ جواب تھا ۔ دوسرے کٹ موشن کے سلسلہ میں ، میں مختصر طور پر عرض کروں گا۔ ایک آنریبل ممبر نے کفایت شعاری اور دوسری چیزوں کے بارے میں بیان کیا ہے ۔ اون کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے ۔ حیدرآباد ہاؤز جو لندن میں ہے اس کو حکومت رکھنا نہیں چاہتی بلکہ اس کو فروخت کرکے رقم حاصل کرلینا چاہتی ہے ۔ آج کل اوس میں پرنسس آف برار اور اون کے لڑکے رہا کرتے ہیں ۔ اور جہاں تک میں جانتا ہوں وہاں کے معمولی اخراجات اور اسٹیبلشمنٹ چارجز (Establishment Charges) وہ خود برداشت کرتے ہیں وہاں دو عمارتیں تھیں ایک تو بیچ دی گئی ہے اور دوسری کو بھی فروخت کرنے کی کارروائی قریب قریب مکمل ہوگئی ہے ۔ ایک دو مہینوں میں اوس کے متعلق ٹرمس (Terms) تکمیل پاجائینگے ۔ اور پھر ان دو مکانات کے متعلق ہماری کوئی ذمہ داری نہیں رہیگی ۔ اس سلسلہ میں دو ہزار کا جو سپلیمنٹری ڈیمانڈ کیا جارہا ہے وہ ٹیکسس کی ادائی کے سلسلہ میں ہے ۔ یہ مد اوس وقت اس وجہ سے اومٹ (Omit) کیا گیا تھا کہ اوس کو بیچنے کا ارادہ تھا ۔ گفتگو ہوچکی تھی لیکن ٹیکس ادا کرنا تھا ۔ اب اس کے لئے موازنہ میں جو گنجائش مانگی جارہی ہے وہ گزشتہ سال کے ٹیکس کے سلسلہ میں ہے ۔

پبلک سرویس کمیشن کے سلسلہ میں آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے جو تنقید کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ محض سنی سنائی باتوں پر مبنی ہے ۔ انہوں نے یہ کہا کہ پبلک سروس کمیشن کی سفارشات کو نظر انداز کرکے حکومت کوئی بے اصولی کارروائی کرنا چاہتی ہے یا کررہی ہے یا کرنے پر آمادہ ہے ۔ میں نہیں جانتا کہ اون کے معلومات کے سورسس (Sources) کیا ہیں لیکن یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ پبلک سروس کمیشن اور گورنمنٹ ان دونوں میں کوئی شدید اختلاف رائے نہیں ہے ۔ صرف سپرنٹنڈنگ انجینیرس کے پوسٹس کے بارے میں تھوڑا سا اختلاف موجود ہے ۔ لیکن کسی اور ڈپارٹمنٹ میں تقررات کے سلسلہ میں کوئی شدید اختلاف موجود نہیں ہے ۔ چنانچہ پبلک سروس کمیشن کے متعلق گزشتہ جو رپورٹ ہاؤس کے سامنے پیش ہوئی اوس کے دیکھنے سے آنریبل ممبرس کو اطمینان ہوسکے گا ۔ جہاں اون کی سفارشات کو حکومت قبول کرسکتی تھی قبول کیا گیا اور اون پر عمل بھی کیا گیا ۔ ان خاص تین سپرنٹنڈنگ انجینیرس کے بارے میں جو اطلاع آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو ملی ہے وہ غلط ہے ۔ جن تین سپرنٹنڈنگ انجینیرس کے بارے میں پبلک سروس کمیشن نے اپنی رائے دی تھی اون میں سے دو کے متعلق حکومت نے سفارشات کو قبول کرلیا ۔ تیسرے کے بارے میں اختلاف رائے ہے ۔ چنانچہ استفسار کا جواب دوبارہ بھیجا گیا ہے ۔ وہ اسٹرانگ کیس ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ پبلک سروس کمیشن حکومت کی رائے سے متفق ہوجائیگی ۔ تیسرے سپرنٹنڈنگ انجینیر اوس کام کے ماہر نہیں ہیں ، بلکہ وہ انجینیرنگ کے ایک دوسرے شعبہ کے ماہر ہیں اس لئے امید ہے کہ پبلک سروس

کمیشن حکومت کی رائے سے متفق ہوجائیگی اگر نہ ہوگی تو پھر پبلک سروس کمیشن اور حکومت کے مابین اختلافات کا تصفیہ کرنے کے لئے رولس کی رو سے جو طریقہ اختیار کیا جانا چاہئیے اختیار کیا جائیگا - بجز اس کے کہ پبلک سروس کمیشن حکومت کے ریزنایبل ریپریزنٹیشن (Reasonable Representation) کو ماننے سے انکار کرے پبلک سروس کمیشن کی رائے سے اتفاق کیا جاتا ہے - لیکن جہاں کوئی بہت بڑا نقصان ہوتا ہو یا ہونے کا امکان ہو یا حکومت کی کارکردگی پر اثر پڑتا ہو تو حکومت پبلک سروس کمیشن کی رائے سے اتفاق نہیں کرسکتی - میں آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ حکومت پبلک سروس کمیشن کی رائے سے (۹۹) فیصد کیسس میں اتفاق کرتی ہے - اس کے بارے میں کسی قسم کے شبہ کی ضرورت نہیں ہے -

تیسری چیز لینڈ سنسس کمیشن اسکیم کے بارے میں ہے ، اس پر تبصرے کرتے ہوے ایک آنریبل ممبر نے کریم نگر کا حوالہ دے کر کہا کہ وہاں ولیج آفیسرس اور پٹیل پٹواریوں کا کرپشن جاری ہے - اس کی شکایت آنریبل ممبر نے میرے پاس تحریراً بھیجی تھی - پہلے جب شکایت وصول ہوئی تو کلکٹر کو انکوائری (Enquiry) کرنے کے لئے لکھا گیا تھا - دوسری بار جب شکایت وصول ہوئی کہ کلکٹر صاحب معلومات ہونے کے باوجود بھی ڈراسٹک اسٹپس (Drastic steps) نہیں لے رہے ہیں تو ریوینیو بورڈ کے احکام کی بناء پر خود لینڈ سنسس کے اسپیشل آفیسر کریم نگر کا دورہ کرکے معلومات حاصل کرنے والے ہیں - اون کی رپورٹ کی بناء پر کارروائی کی جائیگی اگر یہ معلوم ہو کہ وہاں پٹیل پٹواریوں کی جانب سے اس قسم کی باتیں ہورہی ہیں تو حکومت ڈراسٹک اسٹپس لینے تیار ہے -

لینڈ کمیشن اور لینڈ امپروومنٹ بورڈ کے نامینیشنس اور الکشنس کے بارے میں ایک آنریبل ممبر نے تبصرہ کیا ہے - وہ ایک ان کالڈ فار (Uncalled for) اور غیر ضروری تبصرہ تھا - واقعہ یہ ہے کہ ایکٹ کی رو سے تین ممبروں کو الکٹ کرنے کا اختیار اسمبلی کو دیا گیا ہے - اور جیسا کہ خود انہوں نے فرمایا پوری آزادی کے ساتھ اون کو الکٹ کیا گیا اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خود انہوں نے اس پر اطمینان اور خوشی ظاہر کی - اپوزیشن نے اپنی طرف سے جو دو ممبرس بھیجے تھے وہ الکٹ ہوئے - اب اس پر تنقید کرنے کی ضرورت نہیں تھی بلکہ اس پر اظہار تشکر کیا جاتا تو مناسب تھا -

لینڈ کمیشن کے سلسلہ میں نامینیشن ہوا ہے - آپ نے یہ کوشش کی کہ نامینیشن کا ادھیکار گورنمنٹ کو نہیں ہونا چاہئیے بلکہ الکشن ہی ہونا چاہئیے - نامینیشن کا گورنمنٹ کو جو ادھیکار ہے اوس کی بناء پر گورنمنٹ نے اپنی سمجھ بوجھ سے تین چار آدمیوں کو نامینیٹ کیا ہے - اوس میں سے ایک تو آفیشیل ممبر ہوں گے اور وہ ریوینیو بورڈ کے ممبر ہوں گے - ان کا تعلق چونکہ لینڈ ریوینیو سے ہے اس لئے اون ہی کو نامینیٹ کیا گیا - باقی تین آنریبل ممبرس اس ہاؤس کے ہیں - جن کے بارے میں گورنمنٹ کو کم از کم یہ احساس تھا کہ وہ ان معاملات میں کافی دلچسپی رکھتے ہیں اور کافی معلومات بھی رکھتے ہیں - کافی

معلومات رکھنے کا نبوت انہوں نے اس سے قبل سلکٹ کمیٹی اور دوسرے مقامات پر دیا ہے۔ یہ حکومت کا ایقان ہے اور اس وجہ سے حکومت نے ان لوگوں کو نامینیٹ کیا۔ جیسا کہ میں نے پہلے ہی کہا ہے اس میں اس قسم کی گنجائش تھی کہ حکومت چاہتی تو اس هاؤز کے باہر سے بھی لوگوں کو نامینیٹ کرسکتی تھی۔ لیکن خود هاؤس نے اس سلسلہ میں ایک پریسیڈنٹ اور ایک نظیر قائم کردی اور حکومت نے بھی اوس کی تقلید کی۔ یعنی هاؤس نے خود هاؤس کے آنریبل ممبرس کا ہی انتخاب کیا اس لئے حکومت نے بھی اس کی تتبع کی۔ بدقسمتی سے اس هاؤس کے آنریبل ممبرس نے باہر سے کسی دوسرے آدمی کو چن کر بھیجنے کی تکلیف گوارا نہیں فرمائی اور هاؤس کے کسی آنریبل ممبر نے کسی باہر کے آدمی کا نام نامینیشن کے لئے پیش نہیں کیا.................

श्री. व्ही. डी. देशपांडे:– महादेवसिंग साहेव को नामिनेट नहीं किया गया।

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ وہ وتھ ڈرا (Withdraw) کرلیا گیا انہوں نے خود اپنا نام وتھ ڈرا کرلیا۔ اگر هاؤس اون کو چن کر لاتا تو میں ویلکم (Welcome) کرتا۔ اگر میں اوس کے متعلق ناراض ہوتا تو پھر مجھ پر الزام لگایا جاسکتا تھا۔ چونکہ هاؤس نے خود باہر کے آدمی کو نہیں چنا تھا اس لئے حکومت نے بھی اس کی تقلید کی۔ جو رجحان هاؤز کا ہوتا ہے اوس کی تقلید حکومت کو کرنی پڑتی ہے۔ حکومت خود اپنے آپ کو اسٹرانگ نہیں سمجھتی جب تک کہ هاؤس کی تقلید نہ کرے جب هاؤس کا رجحان یہ پایا گیا کہ وہ باہر کے لوگوں کا انتخاب پسند نہیں کرتا تو حکومت نے بھی نامینیشن (Nomination) کے سلسلہ میں اس کی تقلید کی۔ جن کے متعلق حکومت یہ سمجھتی تھی کہ وہ نامینیٹ کئے جانے کے قابل ہیں اون کو چنا اور کیبینٹ نے بھی اس چناؤ کو منظور کیا۔ اس وجہ سے اس امر پر مزید تبصرہ کرنے کی ضرورت معلوم نہیں ہوتی۔

لینڈ امپرومنٹ بورڈ (Land Improvement Board) کی حد تک میں یہ کہوں گا کہ جمہوریت کے تمام اصولوں کی پوری پوری پابندی کرتے ہوئے اس کے چناؤ اور نامینیشنس ہوں گے۔ اس کا میں وشواس دلانا چاہتا ہوں۔ جو چاہے اس کے لئے بطور کھڑا ہوسکتا ہے۔ جو شخص جسکو چاہے اپنا ووٹ دے سکتا ہے۔ جو پارٹی آسکتی ہے آئیگی۔ اور اس پر پورا پورا عمل کیا جائیگا۔ البتہ وہاں جو نامینیشن ہوں گے وہ متعلقہ محکموں کے آفیسرس کے ہوں گے۔ یعنی فارسٹ آفیسر۔ اگریکلچرڈپارٹمنٹ کے افیسرس وغیرہ۔ اس کے متعلق تو آپ کو زیادہ تنقید کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تین ممبروں کو هاؤس الکٹ کریگا۔ اور اس کی پوری پوری آزادی رہے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ تمام اعتراضات کا میں نے جواب دیدیا ہے اس لئے امید کرتا ہوں کہ میرے ڈیمانڈس منظور کئے جائیں گے۔

Demand No. 8 — General Administration —Rs. 2,08,400.

Working of G.A.D.

Shri G. Sreeramulu : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Problem of Hyderabad House in London.

Shri Katta Ram Reddy : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Working of Public Service Commission

Shri V. D. Deshpande : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Working of Land Census Scheme

Shri Ch. Venkatrama Rao : On the assurance of the Chief Minister, I do not wish to press my cut motion. I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was, by leave of the House, withdrawn.

Land Commission and Land Improvement Board

Mr. Speaker : The question is :

"That the grant under Demand No. 3 be reduced by Re. 1".

The Motion was negatived.

Mr. Speaker : I shall now put the demand to vote.

The question is :

"That a further sum not exceeding Rs. 2,03,400 under Demand No. 3 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st March, 1954. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh".

The Motion was adopted.

The House then adjourned till Half Past Two of the Clock, on Thursday, the 4th March, 1954.